نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

9 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

413/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ نے قدرتی آفات کی تباہ کاریوں سے نمٹنے والی ٹیم پاکستان بھیج دی

اسلام آباد (9 اگست 2010ء)___ وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی کی جانب سے پیش کئے گئے انسانی بنیادوں پر امداد کے خاکے کے جواب میں امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر راجیو شا نے امریکہ کی جانب سے حکومت پاکستان کی امداد کیلئے ایک اسپیشل ڈیزاسٹر اسسٹنس ریسپانس ٹیم (DART) اسلام آباد روانہ کردی ہے۔

DART انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد فراہم کرنے والے تجربہ کار ماہرین پر مشتمل ہے جن میں سے متعدد نے 2005ء کے زلزلے کے بعد پاکستان میں کام کیا تھا۔ یہ ٹیم پاکستان کے وفاقی اور صوبائی اداروں کے ساتھ مل کر امدادی ضروریات کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ فوری طور پر نشاندہی کی گئی کمی بیشی کو پورا کرنے کیلئے امدادی اشیاء کو ممکنہ حد تک مقامی طور پر حاصل کیا جائے۔

DART ٹیم کے سربراہ ولیم ایس برجر نے کہا ہے کہ ہم سیلاب سے متاثرہ لوگوں کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کیلئے حکومت پاکستان کی مدد کیلئے یہاں آئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہماری ٹیم صحت، خوراک، سر چھپانے کے ٹھکانوں اور دیگر پیدا ہونے والی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔

DART کی ٹیمیں صرف بڑے پیمانے پر ہونے والی آفات کے ردعمل میں فعال کی جاتی ہیں۔ امسال جنوری میں ہیٹی میں آنے والے زلزلہ کے بعد یہ ٹیمیں سرگرم ہوئی تھیں۔ پاکستان میں 2009ء میں مالاکنڈ میں بے گھر ہونے والے خاندانوں کو امداد فراہم کرنے کیلئے اور 2005ء میں زلزلہ کے بعد بھی DART کو پاکستان میں تعینات کیا گیا تھا۔

گزشتہ ہفتے امریکہ نے پاکستان میں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے 35 ملین ڈالر کا اعلان کیا تھا، جس میں اقوام متحدہ کے خوراک کے عالمی پروگرام کیلئے 15 ملین ڈالر بھی شامل ہیں، جن سے مقامی طور پر گندم کی خریداری کر کے ہنگامی طور پر استعمال کیلئے بھجوائی جائے گی۔ 10 ملین ڈالر موجودہ ہنگامی منصوبوں کو وسعت دینے اور ضرورت کے مطابق حکومت پاکستان کے نشاندہی کردہ پروگراموں کو شامل کرنے اور 10 ملین ڈالر طبی سہولتوں، سر چھپانے کے ٹھکانوں اور پانی کی فراہمی، نکاسیٔ آب اور صفائی ستھرائی کے پروگراموں کیلئے استعمال کئے جائیں گے۔

امریکہ اب تک خوراک کے عالمی پروگرام کے اشتراک سے 158,500 افراد کو خوراک فراہم کر چکا ہے اور روزانہ 35,000 سے لے کر 49,000 افراد کو روزانہ خوراک فراہم کر رہا ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800